


# باب 3
# نندو کے ساتھ ایک دن

## نندو جاگ اٹھا

نندو جاگ اٹھا اور اس نے اپنی آنکھیں کھولیں۔ چند منٹوں کے لیے وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ وہ کہاں ہے۔اس کو ایسا محسوس ہوا کہ وہ بڑے بڑے سرمئی پیڑوں کے تنوں کے جنگل سے گھرا ہوا ہے۔اس نے اپنی پلکیں جھپکائیں اور آس پاس نظر دوڑائی۔اوہ وہ رہی امّاں۔

اس نے جو خیال کیا تھا کہ وہ ایک سرمئی جنگل میں ہے، درحقیقت اس کے افراد خانہ کے پیر اور ان کی سونڈیں تھیں۔



سورج سر پر تھا اور موسم بہت گرم ہو رہا تھا۔نانی امّاں بہت زور کی آواز نکالتے ہوئے چنگھاڑیں۔ ہاتھیوں کے اسی جھنڈ میں نانی اماں سب سے بڑی ہیں۔انھوں نے جنگل کی جانب چلنا شروع کیا۔ اور ہتھنیوں نے انھیں دیکھا اور ان کے پیچھے چلنے لگیں۔نندو بھی ان کے ساتھ چل پڑا۔

**برائے استاد:** ماں کی ماں کو نانی امّاں کہتے ہیں۔بچّوں سے دریافت کیجیے کہ وہ اپنی ماں کی ماں کو کیا کہہ کر پکارتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

جب وہ جنگل میں پہونچے تو جھنڈ کے ممبروں نے ادھر ادھر پھیلنا شروع کر دیا۔ ہر ایک ممبر (رکن) اپنی اپنی پسندیدہ پتّیاں اور ٹہنیاں کھانے کے لیے الگ الگ ہو گئے۔ جب وہ کھانا ختم کر چکے تو جھنڈ دریا کی جانب روانہ ہوا۔ ہاتھیوں کے بچّوں نے پانی میں کھیلنے کا لطف اٹھایا۔ مائیں پانی اور کیچڑ میں دریا کے کنارے لیٹ گئیں۔



کیا تم جانتے ہو کہ ایک بالغ ہاتھی 100 کلوگرام سے بھی زیادہ پتیاں اور ٹہنیاں ایک دن میں کھا سکتا ہے؟ ہاتھی بہت زیادہ آرام نہیں کرتے ہیں۔ وہ دن بھر میں تقریباً دو سے چار گھنٹے تک ہی سوتے ہیں۔ ہاتھیوں کو کیچڑ اور پانی میں کھیلنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ کیچڑ ان کی جلد کو ٹھنڈا رکھتی ہے۔ ان کے بڑے بڑے کان بھی پنکھے کا کام انجام دیتے ہیں۔ ہاتھی ان کو پھڑ پھڑاتے رہتے ہیں تاکہ اپنے آپ کو ٹھنڈا رکھ سکیں۔

## معلوم کرو

- نندو کی عمر محض تین ماہ ہے لیکن اس کا وزن 200 کلوگرام ہے۔ تمہارا کیا وزن ہے؟

- تمہارے جیسے کتنے بچوں کا وزن ملا کر نندو کے وزن کے برابر ہوگا؟







© NCERT not to be republished

## کھیل اورتفریح

نندو نے دیکھا کہ اس کے بہن بھائی ایک دوسرے کی دُم کھینچ رہے ہیں۔ اس نے سوچا ''بہتر ہے کہ میں ان کے قریب نہ جاؤں، اگر وہ میرے اوپر گر پڑے تو میرا کیا ہوگا؟ میں تو ابھی چھوٹا ہوں''۔ وہ خاموشی سے چل دیا اور جا کر اپنی ماں کے قریب کھڑا ہو گیا۔

اماں نے آہستہ سے نندو کو پانی کی طرف دھکیلا جیسے کہ وہ کہہ رہی ہو کہ جا کر کھیلو۔ نندو کو پانی میں کھیلنا پسند تھا۔ اس کے رشتے کے بہن بھائی پہلے ہی وہاں موجود تھے۔ جیسے ہی وہ پانی کے نزدیک پہنچا پانی کا فوّارہ اس کے سر پر گرا، وہ بالکل بھیگ گیا۔ اوہ! یہ کام اس کے شریر بہن بھائیوں کا تھا۔ نندو بھی سب کے ساتھ کھیل میں شامل ہو گیا۔

سورج غروب ہونے سے پہلے ہاتھیوں کا جھنڈ جنگل کی طرف چل پڑا۔اس وقت تک نندو بہت تھک گیا تھا۔وہ دودھ پیتے پیتے اپنی اماں کے پاؤں کے درمیان سوگیا۔

تم نے نندواور ہاتھیوں کے جھنڈ کے بارے میں پڑھا۔ہاتھیوں کا جھنڈصرف ہتھنیوں اور ہاتھی کے چھوٹے بچوں پر مشتمل ہوتا ہے سب سے بڑی ہتھنی ہی جھنڈیا گروپ کی سربراہ ہوتی ہے۔ایک جھنڈتقریباً10 سے 12 ہتھنیوں اور چھوٹے بچوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

نر ہاتھی جھنڈ میں یا گروہ میں 14 یا15 سال کی عمر تک ہی رہتے ہیں۔اس کے بعد وہ جھنڈکو چھوڑ دیتے ہیں اور اکیلے گھومتے پھرتے ہیں۔نندو بھی اس وقت تک ہی جھنڈ میں رہے گا جب تک وہ اتنا بڑا نہیں ہو جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

ہاتھیوں کی ہی طرح کچھ اور جانور بھی گروہ میں مل جل کر رہتے ہیں۔ان جانوروں کے گروہ، جھنڈ یا گلے ہوتے ہیں۔ایک جھنڈ کے جانور عام طور پر کھانے کی تلاش میں ساتھ ساتھ ہی گھومتے پھرتے ہیں۔

- اگر آپ نندو ہوتے اور ایک جھنڈیا گروہ میں رہ رہے ہوتے تو کس قسم کے کام اور حرکتیں کرتے ؟

- ہاتھیوں کے جھنڈ میں سبھی فیصلے سب سے بزرگ ہتھنی لیتی ہے۔تمہارے خاندان میں فیصلے کون کرتا ہے؟

- ہاتھیوں کے جھنڈ کا ایک کولاج بناؤ۔اس مقصد کے لیے ہاتھیوں کی جتنی زیادہ سے زیادہ تصویریں جمع کر سکتے ہو، کرو۔ان کو کاٹ کر اپنی کاپی میں چپکاؤ۔





- نندو وہ سب چیزیں کرتا تھا جو اس کو پسند تھیں۔ اگر تم کو اپنے دوستوں کے ساتھ ایک پورا دن گذارنے کا موقع ملے تو کیا کیا کرنا پسند کروگے؟

- معلوم کرو اور لکھو کہ کون کون سے جانور ہیں جو جھنڈ یا گروہ میں رہتے ہیں۔

- کیا تم بھی گروپ میں رہتے ہو؟ کیا تم بھی اس طرح سب کے ساتھ رہنا پسند کرتے ہو؟ تم گروپ میں رہنا پسند کروگے یا نہیں۔

میں گروپ میں رہنا کیوں پسند کروں گا؟

میں گروپ میں رہنا کیوں نہیں پسند کروں گا؟

- جب ہاتھیوں کو زنجیر میں باندھ کر رکھا جاتا ہے تو وہ کیسا محسوس کرتے ہیں؟ اس پر بات چیت کرو اور اپنے احساسات میں دوسروں کو شامل کرو۔

© NCERT not to be republished

- کیا آپ نے کبھی ہاتھی کی سواری کی ہے؟ کیسا محسوس ہوا؟

- کن کن جانوروں پر تم بیٹھ چکے ہو؟ ان کے نام لکھیے ۔

- تم نے اپنے چاروں طرف بہت سے جانوروں کو فلموں یا کتابوں میں دیکھا ہوگا۔ کچھ اکیلے ہوں گے تو کچھ گروہ میں ان میں سے کسی جانور کے بارے میں معلومات حاصل کرو اور اس کے بارے میں لکھو۔



© NCERT not to be republished



## سوچیے اور لکھیے



- تمھیں کیا لگتا ہے کہ بگلا بھینس کی پیٹھ پر کیوں بیٹھا ہوا ہے؟

- کیا تم نے کسی جانور کو دوسرے جانور پر سواری کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ اس کا نام لکھو۔
  - جانور جو سواری کر رہا ہے۔
  - وہ جانور جس پر سواری کی جا رہی ہے۔

- ایسے جانوروں کے نام لکھو، جنھیں ہم سواری کے کام میں لاتے ہیں؟

- ایسے جانوروں کے نام لکھو، جنھیں ہم سامان ڈھونے کے لیے استعمال کرتے ہیں؟


## اپنا خود کا ہاتھی بناؤ

اگلے صفحہ پر دی گئی ہاتھی کی تصویر کو بڑا کر کے ایک موٹے کاغذ کے صفحے پر بناؤ۔

- تصویر میں جہاں ''کاٹو'' ( ✂ ) لکھا ہوا ہے وہاں پر تھوڑا سا کاٹو۔ احتیاط سے کاٹو کہ تصویر کا کوئی حصہ کٹ نہ جائے۔
- نقطوں والی لائن [..........] کے ساتھ موڑو۔
- دھاریوں والی لائن [/ / / / / / / /] کے ساتھ ساتھ اندر کو موڑو۔
- دُم کاٹ کر بناؤ اور اس کو چپکا دو۔
- تمھارا ہاتھی تیار ہے۔

© NCERT not to be republished

- رنگ بھرو اور سجاؤ
- ان ہاتھیوں کی تصویریں اپنی جماعت کے کمرے میں سجاؤ جو تم لوگوں نے بنائی ہیں۔




© NCERT not to be republished





## وہ کیا کہتے ہیں۔


◎ ان تصویروں کو بغور دیکھیے اور پڑھیے کہ یہ جانور اپنے دستوں سے کیا بات چیت کر رہے ہیں۔



## بات چیت کرو

- آپ نے پڑھا یہ جانور کیا کہتے ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ ان میں سے کچھ اداس کیوں ہیں؟
- آزادی سے گھومنے پھرنے والے بندر اور سرکس یا مداری کے ساتھ تماشہ دکھانے والے بندر میں تمھیں کیا فرق نظر آتا ہے؟

## اس ہاتھی کی کتنی ٹانگیں؟



© NCERT not to be republished

## کیا آپ جانتے ہیں؟

مشکل میں ہونے پر ہاتھی تو ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ وہ سب ایک جُٹ ہو کر اپنے بچوں کا خیال رکھتے ہیں اور ان کی حفاظت کرتے ہیں۔



